دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

رہبر معظم نے گیارہویں صدارتی انتخابات میں بیلٹ بکس نمبر 110 میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا - 14 /Jun/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےگیارہویں صدارتی انتخابات اور شہری و دیہی کونسلوں کےچوتھے انتخابات کی ووٹنگ شروع ہونے کے ابتدائی اوقات میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں بیلٹ بکس نمبر 110 میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اس موقع پر اعیاد شعبانیہ کی مناسبت سے مبارکباد پیش کی اور انتخابات میں عوام کی مؤثر، بر وقت اور ہمہ گیر شرکت کو عظیم اہمیت کا حامل قراردیتے ہوئے فرمایا: ایرانی عوام شوق و نشاط اور ولولہ کے ساتھ انتخابات میں شرکت کریں اور جان لیں کہ قوم کی سعادت اور ملک کی سرنوشت انتخابات میں ان کی وسیع پیمانے پر شرکت سے وابستہ ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ایرانی قوم کے دشمنوں ، معاندین اورمخالفین کی طرف سے منفی اور گمراہ کن پروپیگنڈے کی وجہ سے ملک کی سرنوشت میں عوام کی شرکت کو بہت ہی مؤثر قراردیتے ہوئے فرمایا: دشمنوں نے عوام میں مایوسی اور ناامیدی پیدا کرنے کی بہت تلاش و کوشش کی کہ عوام ووٹ ڈالنے کے لئے حاضر نہ ہوں اور انھوں نے اس ہدف کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ذرائع ابلاغ کی خرابکاری سے بھی آگے قدم بڑھا دیا اور اس مرتبہ دشمن محاذ سےوابستہ مغربی سیاستداں بھی انتخابات میں عوام کی شرکت کی مخالفت کررہے ہیں ۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ایرانی انتخابات کو قبول نہ کرنے کے امریکی حکام کے بیانات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ایرانی عوام کے لئے دشمن کی نظر کی کوئی اہمیت نہیں ہے ایرانی عوام نے ہمیشہ خود ہی تشخیص دیا ہے کہ اسے کس چیز کی ضرورت ہے اور ملک کی مصلحت کس چیز میں ہے اورایرانی قوم نے اسی اساس پر انتخاب کیا ہے اور انتخاب کرےگی۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے صدارتی انتخاب کے سلسلے میں عوام کو پہلی فرصت اور ابتدائی اوقات میں ووٹ ڈالنے کی سفارش کرتے ہوئے فرمایا: میرے قریبی رشتہ داروں کو بھی میرے ووٹ کے بارے میں کوئی پتہ نہیں ہے اور عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے انتخاب کےسلسلے میں تحقیق کریں۔

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے شہری اور دیہی کونسلوں کے انتخابات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: میں نےشہری اور دیہی کونسلوں کے انتخابات میں 31 افراد کو رائے دی ہے ان میں سے بعض کو قریب سے پہچانتا ہوں اور بعض کو ایک معتمد فہرست کی بنیاد پر انتخاب کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے انتخابات کے نتیجہ کو عوام اور ملک کے لئے مادی و معنوی خیر و برکتاور سعادت کا باعث قراردیا اور انتخابات منعقد کرانے والے اہلکاروں کو سفارش کرتے ہوئے فرمایا: عوام کی رائے امانت اور حق الناس ہےجو بیلٹ

بکس اور ووٹ شمار کرنے والے اہلکاروں کے ہاتھ میں ہے لہذا اس سلسلے میں بہت زیادہ دقت کرنی چاہیے۔